جوڑوں کے درد کی دوائی: ایزاتھائیوپرین AZATHIOPRINE

دوائی کیوں دی جارہی ہے؟

AZATHIOPRINE جوڑوں کے درد کی مختلف اقسام میں استعمال کی جاتی ہے۔جن میں RHEUMATOID ARTHRITIS اور SLE شامل ہیں۔ یہ دوائی انسان کے دفاعی نظام کو بھی متاثر کرتی ہے۔ چونکہ یہ دوائی انسان کے دفاعی نظام کو کمزور کرتی ہے اس لئے احتیاط کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے۔بعض اوقات یہ اُن مریضوں کو دی جاتی ہے جو STEROID لے رہے ہوں تاکہ ڈاکٹر STEROID کی گولیوں کی خوراک کم کر سکے۔

کب یہ دوائی استعمال کرنی چاہیے؟

AZATHIOPRINE دن میں ایک یا دو مرتبہ کھانے کے ساتھ یا بعد میں استعمال کی جاتی ہے۔

کتنی خوراک استعمال کرنی چاہیے؟

آپ کا ڈاکٹر اس بارے میں آپ کو بتائے گا۔عام طور پر کم خوراک کے ساتھ یہ دوائی شروع کی جاتی ہے۔(50mg روزانہ) اور آپ کا ڈاکٹر اِسے بڑھا سکتا ہے۔خوراک وزن کے مطابق دی جاتی ہے۔

یہ دوائی کتنی دیر میں اثر دکھاتی ہے؟

یہ دوائی فوراً اثر نہیں کرتی۔عموماً تین سے بارہ ہفتوں تک آپ کو اثر محسوس ہونا شروع ہوتا ہے۔

مضر اثرات کیا ہو سکتے ہیں؟

کچھ مریضوں میں یہ دوائی متلی، دست، بھوک کا نہ لگنا، بالوں کا گرنا، اور RASH کرسکتی ہے۔اگر آپ AZATHIOPRINE لے رہے ہیں تو آپ کو بیمار ہونے کا خطرہ ہے۔اگر آپ کا گلہ خراب ہو، بخار ہو، بلاوجہ دھبے پڑ جائیں یا خون کا اخراج ہو، یرقان ہو یا کوئی بھی نئے اثرات مرتب ہوں تو اپنے ڈاکٹر یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس سے رابطہ کریں۔

AZATHIOPRINE کے ساتھ کچھ اقسام کے کینسر (سرطان) کا معمولی خطرہ ہوتا ہے۔اس لئے ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔

اگر آپ کو پہلے لاکڑا کاکڑا (CHICKENPOX) نہیں ہوا اور کسی ایسے فرد سے رابطہ ہوا ہے جس کو لاکڑا کاکڑا (CHICKENPOX) یا SHINGLES ہیں یا پھر آپ کو خود CHICKENPOX یا SHINGLE ہو گیا ہے تو فوراً ڈاکٹر سے رابطہ کریں چونکہ آپ کو مخصوص علاج کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔

اگر میں یہ دوائی استعمال کروں تو مجھے کوئی مخصوص ٹیسٹ کی ضرورت ہے؟

چونکہ AZATHIOPRINE خون کے خلیوں اور بعض اوقات جگر پر اثر کرتی ہے اس لئے آپ کے ڈاکٹر ایک خون کا ٹیسٹ دوائی شروع کرنے سے پہلے کریں گے۔اور پھر متواتر خون کے ٹیسٹ کروائے جاتے ہیں۔آپ کو ان ٹیسٹ کا ریکارڈ رکھنا چاہیے۔جب بھی اپنے G.P یا ہسپتال جائیں تو ریکارڈ ساتھ لے کر جائیں۔اگر آپ متواتر ٹیسٹ نہیں کروا رہے تو AZATHIOPRINE نہ استعمال کریں۔

کیا میں دوسری دوائیاں بھی استعمال کرسکتا ہوں؟

AZATHIOPRINE دوسری دوائیوں کے ساتھ استعمال کی جاسکتی ہے۔چونکہ AZATHIOPRINE کچھ دوائیوں کے ساتھ استعمال نہیں کی جاسکتی۔اس لئے جب بھی کوئی نئی دوائی لیں تو اپنے ڈاکٹر سے ضرور مشورہ کریں۔اور اُس کو بتائیں کہ آپ AZATHIOPRINE استعمال کررہے ہیں۔

یہ درد کی دوائی نہیں ہے۔اس لئے اگر آپ درد کی دوائی لے رہے ہیں تو وہ جاری رکھیں جب تک کہ آپ کا ڈاکٹر آپ کو منع نہ کریں۔جو دوائیاں بازار میں عام دستیاب ہیں اُن کا استعمال اپنے ڈاکٹر

دواساز یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس کے مشورہ کے بغیر نہ کریں۔

کیا میں ویکسین بھی لگوا سکتا ہوں جب کہ میں AZATHIOPRINE لے رہا ہوں؟

جب آپ AZATHIOPRINE لے رہے ہوں تو آپ کو کوئی LIVE VACCINE جیسے کہ پولیو، زبیلا اور YELLOW FEVER نہیں لگوانی چاہیے۔ جب کہ آپ کے گھر کے افراد کو بھی اس سے اجتناب کرنا چاہیے۔ اگر گھر میں بچے یا جوان جنہوں نے پولیو کی ویکسین لگوائی ہو تو آپ کو کم از کم چار سے چھ ہفتے اُن سے ملنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔ فلو VACCINE اور PNEUMOVAX کی ویکسین بھی لگوانی چاہیے۔

کیا میں AZATHIOPRINE کے ساتھ شراب پی سکتا ہوں؟

اگر آپ یہ دوائی استعمال کر رہے ہیں تو شراب سے اجتناب کرنے کی کوئی خاص وجہ نہیں ہے۔

کیا یہ دوائی (PREGNANCY) حمل اور (FERTILITY) انسان کی افزائش نسل کی صلاحیت پر اثر انداز ہو سکتی ہے؟

یہ دوائی حمل کے دوران نہیں لینی چاہیے۔ اگر آپ بچہ چاہتے ہیں یا حمل (PREGNANT) ٹھہر جائے تو اپنے ڈاکٹر سے فوراً رابطہ کریں۔

کیا میں بچے کو اپنا دودھ پلا سکتی ہوں؟

اگر آپ AZATHIOPRINE استعمال کر رہی ہیں تو آپ اپنا دودھ بچے کو نہیں پلا سکتی۔

مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کو AZATHIOPRINE کے متعلق مزید معلومات چاہیے یا کسی بات پر تشویش ہو تو اپنے ڈاکٹر، دواساز یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس سے رابطہ کریں

تمام دوائیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں